# ٹینڈر نوٹس

محکمہ سوشل ویلفئیر ،سپیشل ایجوکیشن و مجازخواتین ضلع ملاکنڈ کو برائے مالی سال2026-27 کےلئے اپنے ماتحت اداروں کےلئے معیاری راشن روازنہ کی بنیاد پر سپلائی رجسٹرڈ فرموں سے سر بمہر ٹینڈرمطلوب ہیں

:شرائط

1. ٹینڈر دہندہ گان کو وفاقی یا صوبائی ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہونے کا ثبوت فراہم کرنا ہوگاورنہ ٹینڈر زیرغور نہ ہو گا۔
2. صرف رجسٹرڈ سپلائیر جوFBR کے ٹیکس ادائیگی لسٹATL( ACTIVE TAX PAYER LIST) میں باقاعدہ درج ہوں وہ ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔
3. صرف وہ فرم ٹینڈرمیں حصہ لے سکتے ہیں جو انکم ٹیکس وسیلز ٹیکس ڈیپارٹمنٹز کیساتھ رجسٹرڈ ہوں۔
4. ٹینڈردہندہ گان کو خیبر پختون خواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کی طرف سے لائسنس سرٹیفیکیٹ انڈر سیکشن15 آف KPFS&HFA Act, 2014 کے تحت لگانا لازمی ہو گا ورنہ ٹینڈر دھندہ کا Documentsمنسوخ کیا جاۓگا۔

5.اشیا ٴ خوردونوش کا لیسٹ زیر دستخطی کے دفتر سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہے یا EPADS سے ڈاون لوڈ کی جا سکتی ہےاور صرف انھی مجوزہ ڈاکومنٹس پرٹینڈر ریٹس قابل قبول ہونگے،ریٹ درج کرتے ہوۓکوئ (OVER WRITING) نہیں ہونی چاہیے۔

6. فرم کا متعلقہ فیلڈ میں تجربہ ضروری ہے جس میں اس نے کسی بھی سرکاری ادارے کو راشن کی کامیاب سپلائی کی ہو۔ اور اس کا ثبوت سپلائی ارڈر کی صورت میں ٹینڈر کیساتھ منسلک کرنا لازمی ہوگا۔
7. ٹینڈر کے ساتھ کسی بھی شیڈول بینک سےکل مالیت کا٪2جو کہ 300000روپے بنتی ہے کال ڈیپازٹ بنام ڈسٹرکٹ آفیسر سوشل ویلفئیر ضلع ملاکنڈ لگانا ضروری ہوگا۔ بغیر کال ڈیپازٹ کے ٹینڈر قابل قبول نہیں ہو گا۔ ضرورت پڑنے پر CDR کی متعلقہ بینک سے تصدیق کی جاۓ گی-جعلی ہونے کی صورت میں فرم کے خلاف قانونی کاروائی کی جاۓ گی
8. ٹینڈر دہندہ کو مالی استحکام کے ثبوت کے طور پر متعلقہ بینک کا تازہ ترین مصدقہ بینک اکاونٹ سٹیٹمنٹ لگانا ضروری ہو گا۔
9. سپلائی میں ناکامی, غیر معیاری آشیاءکی سپلائی یا قواعد کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ اور اسکی زرضمانت بحق سرکا رضبط کی جائیگی۔

10.ٹینڈر ڈاکومنٹس EPADSپرsubmitکرنے کے ساتھ ساتھ بذریعہ کوریئرزیردستخطی کو مورخہ 28-07-2026بروز منگل بوقت00-11 بجے صبح دفتر زیر دستخطی پہنچ جانی چاہئے۔ مطلوبہ وقت گزر جانے کے بعد کوئی ٹینڈر ( Documents) وصول نہیں کیا جائیگاسر بمہر ٹینڈرجوکہ اسی دن صبح 11:30 بجے ٹینڈر دہندہ گان یا ان کے مجازنمائندوں )اگر کوئی ہو(کے سامنےڈسٹرکٹ افسر سو شل ویلفئر ملاکنڈ کے دفتر میں کھولی جائیگی۔

11.متعلقہ فرم کو/-100 روپے کےJUDICIAL STAMP PAPER پربیان حلفی(Affidavit ) دینا ہوگا جو کہ EPADSپردستیاب ہےکے متعلقہ فرم کسی بھی سرکاری یا نجی ادارے سے ڈیفالٹ نہیں رہ چکی ہےجس کا نمونہ زیر دستخطی سےحاصل کیا جا سکتا ہےاور جو اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو۔

12. منظور شدہ فرم تمام سپلائی متعلقہ انچارج سنٹرز کو ڈیمانڈ کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر کرنے کا پابند ہوگا۔
13. تمام ٹیکس حکومت کے مروجہ پالیسی، قوانین کے مطابق منہاکئے جائینگے۔
14. پرچیز کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی ایک یا تمام ٹھیکداروں/ فرمز کے ٹینڈر کوکسی معقول وجہ سے نامنظور/مسترد کردیں۔ ٹینڈر نا منظوری کی وجوہات ٹینڈر دہندگان کوتحریری درخواست دینے پر فراہم کی جائیں گی
15. تمام دستاویزات EPADSپر سافٹ فارم میں لازم اپلوڈ کرواۓ۔


ڈسٹرکٹ افیسر

سوشل ویلفئیر ،سپیشل ایجوکیشن و بااختیار خواتین ڈیپارٹمنٹ ملاکنڈ

پشت ڈسٹرکٹ سیکرٹریٹ نزد ڈسٹرکٹ پریس کلب ملاکنڈ بٹ خیلہ

فون نمبر-0932 410601